روزنامہ مظفرپور
حقیقت ٹائمس
Urdu Daily Muzaffarpr
HAKIKAT TIMES
उर्दू दैनिक, मुजफ्फरपुर
हकीकत टाइम्स

# قابض اسرائیل کی مکاری سے مذاکرات سبوتاژ کرنے کی مذموم کوششیں



غزہ: جب فلسطینی مزاحمت اپنے خون میں لت پت عوام کی زندگی بچانے کے لیے عالمی اور علاقائی ثالثی کوششوں کا ذمہ داری سے خیرمقدم کر رہی ہے، وہیں قابض اسرائیل نے ان مذاکرات کو ناکام بنانے کی منظم حکمت عملی اپنا رکھی ہے۔ دراصل یہ کوئی مذاکرات نہیں، بلکہ ایک سیاسی ڈرامہ ہے جس کا مقصد قابض ریاست کے اندرونی اور بیرونی مفادات کو تحفظ دینا ہے۔ مکاری، فریب اور انسانی المیے پر سیاست: مرکز اطلاعات فلسطین سے گفتگو میں سرکاری میڈیا آفس کے ڈائریکٹر اسماعیل ثوابتہ کا کہنا تھا کہ قابض اسرائیل دوغلے پن اور فریب پر مبنی راستہ اختیار کیے ہوئے ہے۔ وہ بظاہر مذاکرات کا راگ الاپتا ہے، مگر پس پردہ پروپیگنڈے، نمائشی چالاکیوں، امداد کی راہ میں رکاوٹیں، انخلا سے انکار اور جبری ہجرت کی پالیسیوں پر عمل کر رہا ہے۔ یہ سب کچھ امریکہ کی آشیرباد اور ایک دانستہ خاموش سفارتی خلاء میں انجام پا رہا ہے۔ مذاکرات کی آڑ میں جھوٹ: ثوابتہ کے مطابق قابض اسرائیل ایک گمراہ کن میڈیا حکمت عملی پر کام کر رہا ہے۔ وہ عوام کو دکھانے کے لیے معاہدے کے امکانات کو بڑھا چڑھا کر پیش کرتا ہے، مگر درحقیقت مذاکرات کی میز پر سخت رویہ اختیار کرتا ہے، تاکہ دنیا کی آنکھوں میں دھول جھونک سکے اور فلسطینی مزاحمت پر نفسیاتی دباؤ ڈالے۔ ثوابتہ کا کہنا ہے کہ ”جب مزاحمت مکمل ذمہ داری سے جنگ بندی کی کوششوں کا حصہ بن رہی ہے، قابض اسرائیل میڈیا کو ہتھیار بنا کر مذاکرات کو تباہ کرنے میں مصروف ہے“۔

اس بات کی تصدیق متعدد اسرائیلی صحافتی رپورٹس بھی کرتی ہیں، جیسا کہ قابض چینل 12 نے تسلیم کیا کہ اسرائیلی حکومت جان بوجھ کر متضاد اطلاعات پھیلا رہی ہے، تاکہ ثالثوں کو الجھا سکے اور جھوٹا تاثر دے سکے کہ مذاکرات میں کوئی پیش رفت ہو رہی ہے۔ میدان خون سے لال، مذاکرات کے باوجود قتل عام جاری: غزہ میں قابض اسرائیلی فوج کی روزمرہ کی درندگی تھمنے کا نام نہیں لے رہی، خواہ مذاکرات ہو رہے ہوں یا نہیں۔ حالیہ ایام میں الزیتون محلہ، دیر البلح اور خان یونس میں مہاجر کیمپوں پر بمباری نے کئی خاندانوں کو صفحہ ہستی سے مٹا دیا۔

قانونی ماہر احمد ابوزہری کہتے ہیں کہ جس فریق کا طیارہ مسلسل بم برسا رہا ہو، وہ کیسے کسی نیک نیتی والے مذاکراتی عمل کا حصہ ہو سکتا ہے؟ روزانہ کا قتل و قتال نہ صرف سفارتی آداب کی پامالی ہے بلکہ باہمی اعتماد کی ہر بنیاد کو تباہ کر دیتا ہے۔ ”ڈاکٹرز وِدآؤٹ بارڈرز“ کی ایک رپورٹ کے مطابق، سنہ 2025ء کے گذشتہ دو ماہ کے دوران 70 فیصد سے زائد شہری ہلاکتیں ان ایام میں ہوئیں جب مذاکرات جاری تھے۔ یہ حقیقت اس جھوٹ کو دفن کر دیتی ہے کہ قابض اسرائیل امن کا خواہاں ہے۔

قابض کی پالیسی: انخلا نہیں، نئے حقائق کا نفاذ: قابض اسرائیل ”نقشہ جات برائے دوبارہ تعیناتی“ کے نام پر غزہ کے وسیع علاقوں پر اپنی فوجی گرفت قائم رکھنا چاہتا ہے۔ ان علاقوں میں نیٹزاریم، صلاح الدین کوریڈور (مصر کی سرحد) اور رفح کے مہاجر کیمپ شامل ہیں۔ یہ منصوبہ دراصل ایک طویل المدتی جبری ہجرت کی سازش ہے۔

فلسطینی مزاحمت ان نقشوں کو محض ”مذاکراتی فریب“ قرار دیتی ہے، جو قابض اسرائیل کی موجودگی کو قانونی شکل دینے اور جبری ہجرت کو مستحکم کرنے کی سازش ہیں۔ اس کا واضح انکار جنوری سنہ 2025ء کے معاہدے میں کیا گیا تھا، جس میں مکمل انخلا اور تمام مہاجرین کی واپسی کا مطالبہ کیا گیا تھا۔

انسانی امداد کو ہتھیار بنانا: ایک اور ظلم: ثوابتہ نے واضح کیا کہ قابض اسرائیل انسانی امداد کو ایک سودے بازی کا ہتھیار بنائے ہوئے ہے۔ امدادی قافلے یا تو روکے جا رہے ہیں یا انہیں ان علاقوں میں بھیجا جا رہا ہے جہاں آبادی کو زبردستی منتقل کیا جانا مقصود ہے، جیسا کہ موراج روٹ پر ہوا۔ وہاں ہزاروں مہاجرین کو ایسی جگہوں پر جمع کیا گیا، جو قابض طیاروں کے نشانے پر تھیں یہ ”موت کے پھندے“ سے کم نہیں۔ اقوام متحدہ کی رپورٹس کے مطابق، جون کے مہینے میں قابض اسرائیل نے 80 فیصد سے زیادہ امدادی ٹرکوں کو غزہ داخل ہونے سے روکے رکھا، حالانکہ ان کی راہ کھولنے پر عارضی معاہدے بھی موجود تھے۔ یہ عمل بنیادی خوراک اور دواؤں کو اجتماعی دباؤ کے لیے استعمال کرنا ہے، جو ایک جنگی جرم کے زمرے میں آتا ہے۔ امریکہ کا کردار: قابض کی پشت پناہی: ماہرین کے مطابق مذاکراتی عمل کی سب سے بڑی رکاوٹ امریکہ کی غیر مشروط سیاسی اور سفارتی حمایت ہے، جو قابض اسرائیل کو ہر جرم سے بری الذمہ قرار دیتی ہے۔ واشنگٹن ایک طرف تو وقتی جنگ بندی کی بات کرتا ہے، دوسری طرف اسرائیل سے مستقل انخلا کی کوئی شرط نہیں لگاتا۔

ابوزہری کے مطابق: ”مذاکرات کو اصل معنی سے محروم کر دینے میں امریکہ کا کھلا جھکاؤ سب سے بڑا کردار ادا کر رہا ہے، جو قابض اسرائیل کو کسی بھی معاہدے کو سبوتاژ کرنے کی کھلی چھوٹ دیتا ہے۔“ جنگ کے تسلسل پر انحصار: نیتن یاہو کا بچاؤ منصوبہ: اسماعیل ثوابتہ نے مرکز اطلاعات فلسطین کو اپنی ایک پوسٹ کے حوالے سے بتایا کہ قابض اسرائیل کا اصل مقصد جنگ کا خاتمہ نہیں، بلکہ اس کو طول دینا ہے تاکہ مجرم نیتن یاہو کی حکومت کو اندرونی بحرانوں سے بچایا جا سکے اور بین الاقوامی فوجداری عدالت کے وارنٹ سے راہِ فرار مل سکے۔ ان کا کہنا تھا: ”تمام شواہد یہی بتاتے ہیں کہ قابض اسرائیل مذاکرات کے نام پر ایک کھیل کھیل رہا ہے۔ وہ سنجیدہ نہیں، بلکہ چالاکی، جھوٹ اور تاخیری حربوں سے مذاکراتی عمل کو سبوتاژ کر رہا ہے۔“

دھوکے کی گرفت میں مذاکرات: ثالثی کی تمام کوششوں کے باوجود، قابض اسرائیل جنگ بندی کے امکانات کو منظم انداز میں تباہ کر رہا ہے۔ اس کے ہتھیار ہیں: جھوٹا پروپیگنڈا، مسلسل قتل عام، انخلا سے انکار اور جبری ہجرت کی پالیسی وہ بھی امریکی سرپرستی میں اور عالمی خاموشی کی تاریکی میں۔

ادھر مزاحمت ایک واضح راستہ اختیار کیے ہوئے ہے، مگر قابض اسرائیل ایک ایسی ”مصنوعی جنگ بندی“ نافذ کرنے کی کوشش کر رہا ہے جو نہ صرف اس کے قبضے کو جائز بنائے بلکہ فلسطینیوں کی مستقل جلاوطنی کو بھی قانونی شکل دے۔

یہ وقت ہے کہ عالمی برادری محض تماشائی نہ بنے، بلکہ عملی دباؤ ڈالے، جنگ بند کروائے، مہاجرین کو ان کے گھروں میں واپس لایا جائے اور غزہ کا محاصرہ ختم کیا جائے۔ بصورت دیگر، یہ دھوکہ دہی پر مبنی مذاکراتی عمل فلسطینی عوام کے زخموں پر نمک چھڑکنے کے مترادف ہے۔

## غزہ میں نسل کشی، تباہی اور محاصرے پر حماس اور اسلامی جہاد کی اہم مشاورت



غزہ: غزہ میں جاری نسل کشی، قحط، خونریزی اور قابض اسرائیل کی بے رحمانہ جارحیت کے تناظر میں اسلامی تحریک مزاحمت حماس اور اسلامی جہاد تحریک فلسطین کے اعلیٰ سطحی وفود کے درمیان اتوار کے روز اہم ملاقات ہوئی، جس میں فلسطینی عوام کو درپیش سیاسی اور انسانی صورتحال پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ مرکز اطلاعات فلسطین کو موصول ہونے والے حماس کے سرکاری بیان کے مطابق یہ ملاقات حماس کے وفد کی قیادت کرتے ہوئے محمد درویش، جو قیادت کونسل کے سربراہ ہیں نے کی جبکہ اسلامی جہاد کا وفد زیاد النخالہ کی قیادت میں شریک ہوا۔ دونوں وفود نے ملاقات میں فلسطینی عوام کی بے مثال قربانیوں اور ناقابل بیان مصائب کا ذکر کیا، جو وہ قابض اسرائیل کے ہاتھوں روزانہ درندگی، بھوک، بمباری اور جبری بے دخلی کے خلاف مزاحمت کرتے ہوئے جھیل رہے ہیں۔ دشمن کی کوشش ہے کہ فلسطینیوں کو کچل کر اپنے سامراجی اور غاصبانہ منصوبے نافذ کیے جائیں، لیکن فلسطینی عوام ہر روز اپنے خون سے ان منصوبوں کو ناکام بنا رہے ہیں۔ بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ دونوں وفود نے مجاہدین کی عظیم قربانیوں، شجاعت اور بہادری کو سراہتے ہوئے ان کے روزانہ دشمن پر پڑنے والے کاری واروں پر فخر کا اظہار کیا، جنہوں نے قابض اسرائیل کو بھاری جانی و عسکری نقصان پہنچایا ہے۔ حماس اور اسلامی جہاد کے وفود نے موجودہ مذاکراتی عمل اور ثالثوں کی جانب سے پیش کی گئی تجاویز پر بھی گفتگو کی۔ دونوں جماعتوں نے اس بات پر زور دیا کہ کوئی بھی مذاکرات اسی وقت قابلِ قبول ہوں گے جب وہ فلسطینی عوام کے دیرینہ اہداف کے حصول کی ضمانت دیں۔ ان اہداف میں جنگ کا مکمل خاتمہ، قابض اسرائیلی فوج کا مکمل انخلاء، سرحدی گزرگاہوں کا کھولنا اور تباہ شدہ غزہ کی فوری ازسرنو تعمیر شامل ہیں۔ دونوں وفود نے قابض اسرائیل کی طرف سے ان تجاویز پر دیے گئے ردعمل اور ان سے نمٹنے کے لائحہ عمل پر بھی تفصیلی غور کیا۔ یہ ملاقات فلسطینی وحدت، استقامت اور دشمن کے خلاف مشترکہ حکمت عملی کے عزم کا مظہر ہے۔ غزہ کی مظلوم لیکن باہمت عوام اپنی سرزمین پر آزادی، وقار اور زندگی کا حق چاہتے ہیں، اور اس جدوجہد میں وہ کسی قیمت پر پیچھے نہیں ہٹیں گے۔

## برطانیہ میں حکومت کا 18 سے 21 سالہ نوجوان کو روزگار، تعلیم یا تربیت میں شامل کرنے کا منصوبہ

لندن (یواین آئی) برطانیہ کی حکومت نے نوجوانوں کے لیے ایک نیا اقدام شروع کیا ہے جسے ’یوتھ گارنٹی‘ کا نام دیا گیا ہے۔ اس منصوبے کا مقصد ہے کہ ہر 18 سے 21 سالہ نوجوان یا تو روزگار میں، کسی تربیتی پروگرام میں شامل ہو یا تعلیم حاصل کر رہا ہو۔ یہ اسکیم ’پلان فار چینج‘ کے تحت متعارف کروائی گئی ہے تاکہ نوجوانوں کے لیے مواقع بڑھائے جائیں اور ان کے راستے کی رکاوٹیں ختم کی جاسکیں۔ اس منصوبے کے تحت انگلینڈ بھر میں آٹھ ’یوتھ گارنٹی ٹرائل بلیزرز‘ کا آغاز کیا گیا ہے جو نوجوانوں کے لیے ملازمت اور مہارت کے شعبوں میں معاونت فراہم کریں گے، ساتھ ہی جاب سینٹرز کو بھی جدید بنایا جا رہا ہے۔ اس تمام عمل کے لیے حکومت نے 45 ملین پاؤنڈ کی سرمایہ کاری کی ہے، اب نوجوانوں کی رائے سے پالیسیاں بنیں گی، حکومت نے نوجوانوں کی رہنمائی کے لیے ایک ’یوتھ ایڈوائزری پینل‘ بھی قائم کیا ہے تاکہ نوجوانوں کی آراء سے یہ منصوبہ بہتر طریقے سے تشکیل دیا جا سکے۔ اس پینل میں شامل نوجوان پہلے ہی حکومت کو ایسی تجاویز دے چکے ہیں جن پر عملدرآمد شروع ہو چکا ہے۔

## کمبوڈیا کے وزیراعظم 2026 سے 24 ماہ کی لازمی فوجی سروس کو منظوری دیں گے

نام پینہ (یواین آئی) کمبوڈیا کے وزیراعظم ہن مانیٹ نے کہا ہے کہ ملک کی قومی اسمبلی لازمی فوجی سروس قانون کو منظوری دے گی، جس کے بعد سال 2026 سے فوج میں خدمات انجام دینا لازمی ہو جائے گا۔ یہ قانون 22 دسمبر 2006 کو نافذ کیا گیا تھا اور اس میں 18 ماہ کی تربیتی مدت تجویز کی گئی تھی لیکن یہ کاغذوں تک محدود رہا اور ابھی تک اس پر عمل درآمد نہیں ہوا۔ مسٹر مانیٹ نے وسطی کیمپونگ چھنانگ صوبے کے ایک تربیتی مرکز میں منعقدہ نیشنل ملٹری پولیس کی 32 ویں سالگرہ کی تقریبات سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ لازمی فوجی سروس قانون سال 2026 سے لاگو کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا، ”فوجی بھرتی کے قانون سے ہمیں فوجیوں کی تعداد بڑھانے اور اپنی فوج کو مضبوط کرنے میں مدد ملے گی۔“ لازمی ملٹری سروس قانون کے تحت کمبوڈیا کے 18 سے 30 سال کی عمر کے تمام مردوں سے 18 ماہ کی فوجی سروس کے لیے اندراج کرانا اور اسے مکمل کرنا لازمی ہے۔ تاہم، خواتین کے لیے خدمت رضاکارانہ ہے۔ مسٹر مانیٹ نے کہا کہ 18 ماہ کی لازمی تربیت کی مدت کو 24 ماہ تک بڑھا دیا جائے گا کیونکہ 18 ماہ جامع فوجی تربیت کے لیے ناکافی ہیں، جس میں فوجی اور انتظامی طریقہ کار بھی شامل ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ یہ قانون دو بنیادی مقاصد کو پورا کرتا ہے۔ تربیت یافتہ فوجیوں کی تعداد میں اضافہ کرنا اور فوجی خدمات کی تاثیر کو بڑھانا تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ ملک میں قابل عملہ کی کافی تعداد برقرار رہے۔


## یورپ میں شمسی توانائی بجلی فراہمی کا سب سے اہم ذریعہ

لندن (یواین آئی) برطانیہ میں مقیم تھنک ٹینک ’ایمبر گروپ‘ کی ایک رپورٹ میں انکشاف ہوا ہے کہ شمسی توانائی یورپ میں بجلی فراہم کرنے کا بہترین ذریعہ بن گئی ہے۔ غیرملکی ذرائع ابلاغ کے مطابق رپورٹ کے مطابق رپورٹ میں انکشاف ہوا ہے کہ رواں سال جون میں یورپ میں بجلی پیدا کرنے کے کسی بھی دوسرے ذریعے کے مقابلے میں سولر پینلز کے ذریعے سب سے زیادہ بجلی پیدا کی گئی ہے جو بجلی کے کل پیداوار کا 1.22 فیصد بنتی ہے۔ رپورٹ کے مطابق یورپ میں اس دوران جوہری توانائی سے 8.21 فیصد، ہوا سے 8.15 فیصد، کوئلے سے 4.14 فیصد جبکہ پانی سے 8.12 فیصد بجلی کی پیداوار کی گئی۔ رپورٹس کے مطابق کم از کم 13 ممالک نے شمسی توانائی سے بجلی کی پیداوار کا اپنا قومی ریکارڈ توڑ دیا۔ رپورٹ میں یہ بھی انکشاف ہوا ہے کہ بجلی کی پیداوار کا بھی نیا ریکارڈ بنا جبکہ کوئلے سے بجلی کی پیداوار میں کمی آئی۔ رپورٹ کے مطابق پورے براعظم میں کوئلے سے پیدا ہونے والی بجلی کا تخمینہ 1.6 فیصد لگایا ہے جو کہ 2024ء میں 8.8 فیصد تھا لیکن بجلی کی طلب میں اضافے کی وجہ سے 2025ء کی پہلی ششماہی میں کوئلے کا استعمال 2024ء کے اسی عرصے کے مقابلے میں اب بھی زیادہ تھا۔ رپورٹ کے مطابق یورپ میں رواں سال پہلے 6 ماہ میں بجلی کی طلب گزشتہ سال کے مقابلے 2 فیصد زیادہ رہی۔

## خیبر پختونخوا میں بارش کے پانی میں ڈوب کر 2 بھائیوں سمیت 6 بچے جاں بحق

پشاور (یواین آئی) خیبر پختونخوا کے ضلع لکی مروت اور خیبر میں بارش کے بعد جمع ہونے والے پانی کے تالاب میں ڈوب کر 2 بھائیوں سمیت 6 بچے جاں بحق ہو گئے۔ لکی مروت کے علاقے دولت خیال میں افسوسناک واقعہ پیش آیا، جہاں بارش کے بعد جمع ہونے والے پانی سے بننے والے تالاب میں نہاتے ہوئے ڈوب کر 4 بچوں کی موت واقع ہو گئی۔ ہسپتال ذرائع کے مطابق جاں بحق بچوں کی عمریں 9 سے 12 سال کے درمیان ہیں، مرنے والوں میں 2 بھائی بھی شامل ہیں، لاشوں کو سٹی ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ واقعے کی اطلاع موصول ہوتے ہی امدادی ٹیمیں موقع کی طرف روانہ کر دی گئی تھیں، جنہوں نے لاشوں کا ہسپتال منتقل کیا۔ ریسکیو 1122 لکی مروت نے تمام بچوں کو سٹی ہسپتال لکی سٹی منتقل کر دیا تاہم بچے جانبر نہیں ہو سکے۔ جاں بحق بچوں میں رحیم اللہ، فہیم اللہ، فہد اور حماد شامل ہیں۔ واقعے کے بعد علاقے کی فضا سوگوار ہے اور لوگوں کی بڑی تعداد موت کا شکار بننے والے بچوں کے گھر تعزیت کے لیے جمع ہو رہی ہے۔ 2 بچے اتوار کی شام خیبر ضلع کے چورا نالے میں آنے والے طوفانی سیلاب کی لپیٹ میں آ کر بہہ گئے۔ ریسکیو 1122 خیبر پختونخوا کے ترجمان نے بتایا کہ یہ واقعہ ضلع خیبر کے علاقے تختہ جبہ میں پیش آیا، جہاں 10 سالہ نور علی اور غریب اللہ کی 8 سالہ بیٹی سیلابی ریلے میں ڈوب گئے۔

## سیٹلائٹ تصاویر نے قابض اسرائیل کی بیت حانون پر شدید بمباری کا پردہ چاک کر دیا




غزہ قابض اسرائیل کی جارحیت ایک بار پھر بے نقاب ہو گئی ہے۔ امریکی خلائی ادارے ناسا اور دیگر ذرائع سے حاصل کردہ سیٹلائٹ اور حرارتی تصاویر سے انکشاف ہوا ہے کہ قابض اسرائیلی فوج نے شمالی غزہ کی بستی بیت حانون پر شدید فضائی حملے کیے، جن کا آغاز 6 جولائی کو فلسطینی مزاحمت کاروں کے ایک جرات مندانہ حملے کے بعد ہوا، جس میں پانچ قابض اسرائیلی فوجی ہلاک اور 15 سے زائد زخمی ہوئے تھے۔

8 سے 10 جولائی کے دوران لی گئی سیٹلائٹ تصاویر میں شہر کے مختلف حصوں سے اٹھتے دھوئیں کے بادل، آگ کی لپٹیں اور بڑے پیمانے پر تباہی کے مناظر دکھائی دیے۔ ان تصاویر نے ثابت کر دیا کہ بیت حانون کے کئی علاقوں میں گھروں کو مکمل طور پر ملبے کا ڈھیر بنا دیا گیا ہے۔

ناسا کی حرارتی تصاویر میں قابض اسرائیلی بمباری کی شدت کو واضح طور پر دیکھا جا سکتا ہے، جہاں چھ مختلف مقامات پر حرارت کے واضح نشانات پائے گئے، جو بمباری اور دھماکوں کی شدت کا پتہ دیتے ہیں۔

12 جولائی کو بھی قابض اسرائیلی فوج نے بیت حانون پر 40 فضائی حملے کیے، جن کے نتیجے میں مزید دو حرارتی مقامات کی نشاندہی ہوئی۔ قابض اسرائیلی فوج نے یہ اعلان بھی کیا ہے کہ وہ شہر کے مشرقی اور شمال مشرقی داخلی راستوں پر مزید زمینی فوجی نفری تعینات کر رہا ہے، تاکہ بیت حانون میں اپنی کارروائیوں کا دائرہ وسیع کر سکے۔

قابض اسرائیلی میڈیا نے ہفتے کے روز بھی بیت حانون پر بمباری کی تصاویر جاری کیں، جن میں شہر کو شدید تباہی کا شکار دکھایا گیا۔ یہ شہر ان اولین علاقوں میں شامل ہے جنہیں قابض اسرائیل نے جنگ کے آغاز پر ہی نشانہ بنایا۔ بیت حانون کے شہریوں کو جبری بے گھر کیا گیا، گھروں اور محلے تباہ کیے گئے، اور لوگوں کو نقل مکانی پر مجبور کر دیا گیا۔ قابض اسرائیل کی اس سفاکانہ مہم کو 650 دن سے زائد ہو چکے ہیں۔ 7 اکتوبر سنہ 2023ء سے جاری اس نسل کش جنگ میں قابض اسرائیل نے امریکہ کی کھلی سرپرستی میں معصوم فلسطینیوں کا قتل عام، بھوک، تباہی اور جبری ہجرت کی ایسی مثال قائم کی ہے جسے انسانیت کبھی فراموش نہ کر سکے گی۔ بین الاقوامی برادری کی خاموشی، اقوام متحدہ کی ناکامی اور عالمی عدالت انصاف کی ہدایات کو نظرانداز کرتے ہوئے قابض اسرائیل اپنی انسان دشمن مہم پر مسلسل عمل پیرا ہے۔ اس خونی مہم میں اب تک 196 ہزار سے زائد فلسطینی شہید یا زخمی ہو چکے ہیں، جن میں اکثریت عورتوں اور بچوں کی ہے۔ 10 ہزار سے زائد افراد لاپتا ہیں اور ہزاروں خاندان بھوک، پیاس اور بیماریوں کے ہاتھوں موت کے منہ میں جا چکے ہیں۔ فلسطین کی سرزمین، اس کے مکین اور اس کی امیدیں قابض اسرائیل کے ظلم کے سائے میں دم توڑ رہی ہیں، مگر حق کی آواز دب نہیں سکتی۔

## شہید محمد الضیف: وہ چراغ جو دنیا کے تمام آزاد ضمیروں کو روشنی دیتا رہے گا

غزہ: فلسطین کی مزاحمت، قیادت، جرات اور قربانی کا ایک ایسا باب یاد کیا جا رہا ہے جو رہتی دنیا تک آزادی کی تاریخ میں روشن رہے گا۔ آج القسام بریگیڈز نے اپنے عظیم سپہ سالار، شہید محمد الضیف کی پہلی برسی کے موقع پر ایک ولولہ انگیز بیان جاری کیا ہے، جس میں ان کی زندگی، جہاد، فدائیت اور ناقابلِ تسخیر کردار کو خراج عقیدت پیش کیا گیا ہے۔ القسام بریگیڈز کے ترجمان ابوعبیدہ نے بیان میں کہا کہ محمد الضیف وہ عظیم قائد تھے جنہوں نے اپنے ساتھیوں کے ہمراہ طوفان الاقصیٰ“ جیسا فیصلہ کن معرکہ لڑا، جس کے نتیجے میں قابض



اسرائیل کی سکیورٹی اور دھمکیوں کی پوری عمارت زمیں بوس ہو گئی۔ ابوعبیدہ نے کہا کہ کئی دہائیوں پر محیط مسلسل جدوجہد، قربانی، حکمت اور قیادت بالآخر شہادت کی صورت میں محمد الضیف کو وہ مقام عطا کر گئی جو صرف انقلابیوں کے مقدر میں ہوتا ہے۔ ان کا خون ان تمام فلسطینی شہداء کے خون سے جا ملا جنہوں نے مسجد اقصیٰ اور فلسطین کے لیے اپنی جانیں نچھاور کیں۔ ابوعبیدہ نے مزید کہا کہ محمد الضیف نے امت مسلمہ میں ان مجاہدین کی یاد تازہ کر دی جنہوں نے اسلام کی عظمت کے لیے اپنی جانیں قربان کیں۔ ان کا نام آج علی، خالد، قعقاع اور مثنیٰ جیسے عظیم قائدین کی صف میں شامل ہو چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ محمد الضیف کا چہرہ شاید بہت سوں نے نہ دیکھا ہو، لیکن ان کے کارنامے نسلوں کی آنکھوں میں محفوظ ہیں۔ ان کی قیادت صرف فلسطین نہیں بلکہ پوری دنیا کے آزاد لوگوں کے لیے ایک مینارِ ہدایت ہے۔ ابوعبیدہ نے اپنے بیان کے اختتام پر عزم ظاہر کیا کہ محمد الضیف کے بھائی اور چاہنے والے، دنیا کے ہر خطے میں، انہی کے نقش قدم پر چلتے ہوئے قابض اسرائیل کو روزانہ کی بنیاد پر ایسی اسٹریٹیجک ضربیں لگا رہے ہیں جن سے وہ بوکھلاہٹ کا شکار ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہداء کے خون سے رقم کی گئی فلسطین کی یہ سرزمین کبھی بھی قابض دشمن کے لیے پناہ گاہ نہیں بن سکتی۔ محمد الضیف کا خواب، اس کا عزم اور اس کی قربانی آنے والی ہر نسل کے دل میں زندہ رہے گی۔ فلسطین آزاد ہوگا، اس راہ میں خون بہے گا، لیکن سر کبھی نہیں جھکے گا۔

## رام اللہ کے قریب صہیونی آبادکاروں کی وحشیانہ کارروائی، پانی کی سپلائی پر حملہ



رام اللہ: فلسطینی عوام پر قابض صہیونی ریاست کے مظالم کے تسلسل میں آج پیر کی صبح صہیونی آبادکاروں نے رام اللہ کے شمال مشرق میں واقع عین سامیہ کے پانی کے چشموں پر ایک اور جارحانہ یلغار کی۔ مقامی ذرائع اور مصلحتِ آبِ القدس کے مطابق قابض اسرائیل کے شدت پسند آبادکاروں نے پانی کے کنوؤں کے علاقے میں گھس کر نہ صرف وہاں موجود آلات کو بری طرح نقصان پہنچایا بلکہ کنٹرول سسٹم کو بھی ناکارہ بنا دیا، جس کے نتیجے میں پانی کی فراہمی کا نظام مکمل طور پر مفلوج ہو کر رہ گیا۔

یہ حملہ کوئی پہلا واقعہ نہیں تھا۔ صرف گزشتہ اتوار کو بھی انہی صہیونی آبادکاروں نے اسی علاقے میں گھس کر نگرانی کے کیمروں کو تباہ کیا، پانی کی ایک بڑی اسٹیشن کی گیٹ کو توڑ کر چوری کی اور پورے نظام کو درہم برہم کر دیا۔ یہ چشمے صرف ایک مقام کی سہولت نہیں بلکہ درجنوں فلسطینی دیہات اور آبادیوں کے لیے زندگی کا سہارا ہیں۔ یہ کنویں روزمرہ کی زندگی، زراعت اور بنیادی انسانی ضروریات کے لیے پانی کا واحد ذریعہ ہیں۔ صہیونی آبادکاران پر مسلسل حملے کر کے فلسطینی عوام کو ایک انسان کی بنیادی ترین ضرورت، یعنی پانی سے محروم کرنے کی منظم سازش میں مصروف ہیں۔

تحفظ آب رسانی القدس نے خبردار کیا ہے کہ ان جارحانہ حملوں کے انتہائی تباہ کن نتائج برآمد ہوں گے، کیونکہ اس سے پانی کی فراہمی کا تسلسل براہ راست خطرے میں پڑ چکا ہے۔ ان حملوں کے نتیجے میں نہ صرف مقامی آبادی پیاس سے تڑپے گی بلکہ معیشت، زراعت اور انسانی صحت پر بھی مہلک اثرات مرتب ہوں گے۔

قابض اسرائیل کی یہ کارروائیاں دراصل فلسطینی قوم کو گھٹن، تنگ دستی اور مایوسی کی طرف دھکیلنے کی دانستہ کوششیں ہیں۔ پانی، جو زندگی کی علامت ہے، آج فلسطینیوں کے لیے ایک محرومی بن چکا ہے۔ دشمن صرف ان کی زمین، ان کے گھروں اور ان کی عبادات پر حملہ آور نہیں، وہ ان کی سانسیں بھی روک دینا چاہتا ہے۔

## صحافی فادی خلیفہ شہید، صہیونی درندگی کا نشانہ بننے والے صحافیوں کی تعداد 231 ہوگئی




غزہ: اسرائیلی فوج نے ریاستی دہشت گردی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ایک اور فلسطینی صحافی کو شہید کر دیا۔ اتوار کی شام قابض اسرائیل کی درندگی کا شکار ہونے والے فلسطینی صحافی فادی خلیفہ شہادت کے بلند مرتبے پر فائز ہو گئے۔ وہ غزہ کے جنوبی مشرقی علاقے الزیتون میں اپنے تباہ حال گھر کا جائزہ لے رہے تھے کہ صہیونی بمباری نے ان کی زندگی کا چراغ گل کر دیا۔

قابض اسرائیل کی یہ بزدلانہ کارروائی گذشتہ چوبیس گھنٹوں میں غزہ میں صحافیوں کو نشانہ بنانے کا دوسرا واقعہ ہے۔ اس سے قبل اتوار کی صبح صحافی حسام صالح العدلونی، ان کی اہلیہ اور تین معصوم بچوں کو بھی شمالی خان یونس میں صہیونی بمباری نے شہید کر دیا تھا۔

فادی خلیفہ کی شہادت کے ساتھ ہی قابض اسرائیل کے ہاتھوں شہید ہونے والے فلسطینی صحافیوں کی تعداد سنہ 2023ء کے 7 اکتوبر سے اب تک 231 ہو چکی ہے، جب کہ سینکڑوں صحافی زخمی ہو کر یا تو معذوری کا شکار ہو چکے ہیں یا شدید صدمے کی کیفیت میں زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔

یہ مسلسل قتل و غارت قابض اسرائیل کی جانب سے جاری اس اجتماعی نسل کشی کا حصہ ہے جس کا ہدف نہ صرف فلسطینیوں کی سرزمین بلکہ ان کی آواز، ان کی تصویر اور ان کا قلم بھی ہے۔ غزہ پر قابض اسرائیل کے حملوں میں ہر دن، ہر رات، ہر لمحہ خون میں رنگی جا رہی ہے۔ اتوار کے روز ہی قابض صہیونی بمباری کے نتیجے میں 92 بے گناہ فلسطینی شہری شہید ہو چکے ہیں، جن میں سے 52 افراد وسطی اور جنوبی غزہ کے علاقوں سے تعلق رکھتے ہیں۔

قابض اسرائیل نے ان حملوں میں سکولوں، ہسپتالوں، پناہ گاہوں اور گھروں کو بے دریغ نشانہ بنایا ہے اور یہ سب کچھ عالمی خاموشی اور امریکہ کی پشت پناہی میں ہو رہا ہے۔

# قابض اسرائیلی شدت پسندوں کا قبلۂ اول پر دھاوا، مقدس مقام کی بے حرمتی



مقبوضہ بیت المقدس: قابض اسرائیلی ریاست کی سرپرستی میں آج پیر کے روز درجنوں صہیونی آبادکاروں نے قبلۂ اول، مسجد اقصیٰ کے صحنوں کو ایک بار پھر اپنی جارحیت کا نشانہ بنایا۔ صہیونی شدت پسندوں نے قابض اسرائیلی پولیس کی مکمل سرپرستی اور سکیورٹی میں مسجد اقصیٰ کی حرمت پامال کی اور اس کے صحنوں میں داخل ہو کر اشتعال انگیز گشت کیا۔ عینی شاہدین کے مطابق یہ صہیونی آبادکار گروہوں کی صورت میں مسجد میں داخل ہوئے۔ ان کے داخلے کے دوران قابض پولیس کی بڑی تعداد مسجد کے احاطے میں تعینات رہی تاکہ فلسطینیوں کو مقدس مقام سے دور رکھا جا سکے۔ مسجد میں داخل ہو کر آبادکاروں نے تلمودی رسومات کی ادائیگی کی جس کا مقصد واضح طور پر مسلمانوں کے عقائد کو چیلنج کرنا اور مقدس مقام کی شناخت کو مسخ کرنا ہے۔

اسلامی اوقاف کے محکمہ کے مطابق صہیونی آبادکاروں نے صرف گزشتہ ماہ، یعنی سنہ 2025ء کے جون میں 25 سے زائد مرتبہ مسجد اقصیٰ پر دھاوا بولا۔ ان یلغاروں کو صہیونی انتہا پسند تنظیموں خاص طور پر نام نہاد ”جبل الہی ※ ل“ گروہوں کی حمایت حاصل ہے جو آئے دن اقصیٰ کی بے حرمتی کی ترغیب دیتی ہیں۔ یہ گروہ کھلم کھلا طور پر مسجد کے تاریخی اور قانونی موقف کو بدلنے کی کوششوں میں مصروف ہیں۔ واضح رہے کہ سات اکتوبر سنہ 2023ء سے قابض اسرائیل نے بیت المقدس پر اپنی جارحیت میں شدید اضافہ کر دیا ہے۔ شہر کے داخلی و خارجی راستوں، دیہات اور قصبوں کے داخلی دروازوں پر درجنوں فوجی چوکیاں قائم کر دی گئی ہیں۔ اہل مغربی کنارے کو مسجد اقصیٰ میں نماز کی ادائیگی سے روکا جا رہا ہے، جب کہ فلسطینیوں پر بیت المقدس میں داخل ہونے پر بھی سخت پابندیاں عائد ہیں۔ یہ تمام اقدامات قابض اسرائیلی ریاست کے اس منظم منصوبے کا حصہ ہیں جس کا مقصد فلسطینی شناخت کو مٹانا، ان کے مقدسات کو تاراج کرنا اور قبلۂ اول پر اپنا قبضہ مضبوط کرنا ہے۔ مسجد اقصیٰ پر بار بار ہونے والے یہ حملے نہ صرف فلسطینیوں کے مذہبی جذبات پر کاری ضرب ہیں بلکہ یہ پوری مسلم امہ کے ضمیر کے لیے بھی ایک سخت آزمائش ہیں۔

روزنامہ حقیقت ٹائمس مظفرپور
Urdu Daily Muzaffarpur
HAKIKAT TIMES
उर्दू दैनिक, मुजफ्फरपुर
हकीकत टाइम्स

# آسٹریلیا نے ویسٹ انڈیز کو 27 رنز پر آؤٹ کر کے 3-0 سے کیا کلین سویپ




کنگسٹن، 15 جولائی (یو این آئی) آسٹریلیا نے سبینا پارک میں کھیلے گئے تیسرے ٹیسٹ میچ کے تیسرے دن ویسٹ انڈیز کو محض 27 رنز پر ڈھیر کر دیا جو ٹیسٹ کرکٹ کی تاریخ کا دوسرا کم ترین اسکور تھا۔ اس ٹیسٹ میں آسٹریلیا نے 176 رنز کے بڑے فرق سے کامیابی حاصل کی اور سیریز میں 3-0 سے کلین سویپ کیا۔ تیسرے دن لنچ کے بعد جو کچھ ہوا وہ گلابی گیند کے ٹیسٹ میچوں کے معیار سے بھی کم تھا، کیونکہ مچل اسٹارک نے سب سے تیز پانچ وکٹ (15 گیندوں) لئے اور سکاٹ بولینڈ نے ہیٹ ٹرک کر کے سوئنگ اور سیم بالنگ کے شاندار مظاہرہ سے ویسٹ انڈیز کی بیٹنگ کو تباہ کر دیا۔ پورے میچ میں مشکل حالات میں 204 رنز کے ہدف کے تعاقب میں ویسٹ انڈیز کی شروعات اچھی نہیں رہی۔

اپنا 100 واں ٹیسٹ کھیلنے والے اسٹارک نے اننگز کی پہلی ہی گیند پر وکٹ لے کر ونڈیز کی تباہی کا آغاز کر دیا۔ انہوں نے جان کیمبل، کیون اینڈرسن اور برینڈن کنگ کو ایک ہی اوور میں آؤٹ کیا، جبکہ آخری دو بلے باز دیر سے سوئنگ ہوئی اور بلے اور پیڈ کے درمیان سے گزر فل لینتھ گیندوں پر آؤٹ ہوئے۔ اسکور 0/3 پر، میزبان پہلے ہی مشکل میں تھے، لیکن اسٹارک کا کھیل ابھی ختم نہیں ہوا تھا۔ اپنے تیسرے اوور میں، انہوں نے مکل لیوس کو آؤٹ کر کے 400 ٹیسٹ وکٹ مکمل کئے، ایسا کرنے والے وہ چوتھے آسٹریلیائی بن گئے اور دو گیندوں کے بعد انہوں نے ایک اور تیز انونگر کے ساتھ شائی ہوپ کو آؤٹ کر دیا۔ گلابی گیند کے ساتھ اسٹارک کا تیز گیند کرنا، گیند کو دیر سے ٹرن کرنا اور بلے بازوں کو کوئی موقع نہیں دینے کا انداز حیرت انگیز تھا۔

اس کے بعد جوش ہیزل ووڈ نے روسٹن چیز کو آؤٹ کر کے اسکور مزید خراب کر دیا اور یہ 11/6 ہو گیا۔ جسٹن گریوز، جو ڈبل فیگرز تک پہنچنے والے واحد ویسٹ انڈیز بلے باز تھے، الزاری جوزف کے ساتھ کچھ دیر ٹکے رہے اور انہوں نے چائے تک اننگز کو سنبھالے رکھا۔ لیکن بریک کے بعد، سینٹر میں آنے کی باری بولینڈ کی تھی۔ چائے کے بعد تین گیندوں پر ڈرامائی انداز میں بولینڈ نے گریوز کو گیند کو سلپ میں پہنچایا، ایک کامیاب ریویو کے بعد شمر جوزف کو ایل بی ڈبلیو آؤٹ کیا اور پھر جومل وارکین کو ایک ایسی گیند کے ساتھ بولڈ کیا جو آف اسٹمپ کے اوپر سے ٹکرا کر اندر آئی۔

یہ بولینڈ کی پہلی ٹیسٹ ہیٹ ٹرک تھی اور ٹیسٹ کی تاریخ میں کسی آسٹریلیائی طرف سے صرف 10 ویں ہیٹ ٹرک تھی۔ گلی پر ہوئی مس فیلڈنگ کے سبب ایک رن ہی واحد وجہ تھی جس سے ویسٹ انڈیز، نیوزی لینڈ کے اب تک کے سب سے کم ٹیسٹ اسکور 26 کی برابری کرنے سے بچ گیا۔ ویسٹ انڈیز کی اننگز صرف 14.3 اوورز اور ایک گھنٹے سے کچھ زیادہ ہی چلی۔ پہلے دن میں، ایسا لگتا تھا کہ چیزیں بدل سکتی ہیں۔ آسٹریلیا نے اپنی دوسری اننگز 181 رنز کی برتری کے ساتھ 6 وکٹ پر 99 رن سے آگے کھیلنا شروع کیا اور کیمرون گرین ابھی بھی 42 رن بنا کر کھیل رہے تھے۔ لیکن شمر جوزف نے انہیں صبح کی پہلی ہی گیند پر آؤٹ کر دیا۔ ان کی شاندار گیند آف اسٹمپ کے اوپر سے لگی۔ الزاری جوزف نے بعد کے بلے بازوں کو آؤٹ کیا اور 27 رنز کے عوض 5 وکٹ حاصل کئے۔ شمر کے ساتھ مل کر، انہوں نے نو وکٹ حاصل کئے اور آسٹریلیا 121 رن پر آل آؤٹ ہو گیا۔ مختصر اسکور: آسٹریلیا 225 اور 121 (کیمرون گرین 42، الزاری جوزف 5-27) نے ویسٹ انڈیز کو 143 اور 27 (مچل اسٹارک 6-9، اسکاٹ بولانڈ 3-2) کو 176 رنز سے شکست دی۔

## ٹاپ 10 بلے بازوں میں شیفالی ورما کی واپسی



دبئی، 15 جولائی (یو این آئی) ہندوستانی اوپنر شیفالی ورما آئی سی سی خواتین کی ٹی 20 پلیئر رینکنگ میں ٹاپ 10 بلے بازوں میں واپس آ گئی ہیں۔ انگلینڈ کے خلاف پانچ میچوں کی ٹی 20 سیریز میں 158.56 کے اسٹرائیک ریٹ سے 176 رنز کے ساتھ، شیفالی ساتھی اوپنر اسمرتی مندھانا کے بعد دوسری سب سے زیادہ رنز بنانے والی کھلاڑی تھیں۔ 21 سالہ شیفالی نے بلے کے ساتھ شاندار مظاہرہ کیا۔ پانچویں میچ میں ہندوستان کی آخری گیند پر شکست میں 41 گیندوں پر 75 رنز بنا کر ٹاپ اسکورر رہیں اور 655 پوائنٹس کے ساتھ چار درجے چھلانگ لگا کر نویں نمبر پر پہنچ گئی۔ ہندوستان کی سیریز 3-2 سے جیتنے میں ایک اور اہم شراکت دار اروندھتی ریڈی جنہوں نے سیریز کے دوران چھ وکٹیں حاصل کیں، نے بھی ترقی کی۔ ریڈی، جنہوں نے آخری ٹی 20 میچ میں دو وکٹ لیے، گیند بازی کی درجہ بندی میں چار مقام کی ترقی کے ساتھ 39 ویں اور آل راؤنڈروں کی فہرست میں 26 مقامات کی چھلانگ لگا کر 80 ویں نمبر پر پہنچ گئیں۔ انگلینڈ کے کئی اسٹارز نے بھی مثبت پیش رفت کی ہے۔ اسپنر چارلی ڈین گزشتہ میچ میں 23 رنز دے کر 3 وکٹوں کے ساتھ پلیئر آف دی میچ کا خطاب جیت کر بولنگ رینکنگ میں ٹاپ 10 میں جگہ بنائی۔ وہ آٹھ مقام کی چھلانگ لگا کر نشرا سندھو اور جارجیا ویرہم کے ساتھ مشترکہ طور پر چھٹے نمبر پر آ گئیں۔ لنسی اسمتھ بھی نو درجے کی چھلانگ لگا کر 38 ویں جبکہ تیز گیند باز ایسّی وونگ سات درجے کی چھلانگ لگا کر 50 ویں نمبر پر پہنچ گئیں۔ ایملی ارلوٹ، جنہوں نے اسی سال گرمیوں میں ویسٹ انڈیز کے خلاف انگلینڈ کے لیے ڈیبیو کیا تھا، 15 درجے بہتری کے ساتھ 67 ویں نمبر پر پہنچ گئیں۔

## این آر اے آئی اور آئی ایس ایس ایف اکیڈمی نے ہندوستان میں کوچنگ کورسز شروع کرنے کے لیے تاریخی مفاہمت نامے پر دستخط کئے

نئی دہلی، 15 جولائی (یو این آئی) نیشنل رائفل ایسوسی ایشن آف انڈیا (این آر اے آئی) نے انٹرنیشنل شوٹنگ اسپورٹ فیڈریشن (آئی ایس ایس ایف) کی آفیشل کوچنگ اور ایجوکیشن برانچ، آئی ایس ایس ایف اکیڈمی کے ساتھ شراکت داری کی ہے، تاکہ ہندوستان میں آئی ایس ایس ایف کے سرٹیفائیڈ کوچنگ کورسز کا آغاز کیا جا سکے۔ مفاہمت کی یادداشت (ایم او یو) پر آج نئی دہلی میں دستخط کئے گئے، جس میں این آر اے آئی کے صدر کالیکیش نارائن سنگھ دیو، آئی ایس ایس ایف اکیڈمی کے ڈائریکٹر ڈاکٹر ویسا نسینن، این آر اے آئی کے سکریٹری جنرل کے سلطان سنگھ، آئی ایس ایس ایف اکیڈمی کی سی ای او محترمہ کیرولینا نسینن، این آر اے آئی کے تعلیمی پروگرام کے ڈائریکٹر پون کمار سنگھ اور آئی ایس ایس ایف شاٹ گنس کوچ کمیٹی کے رکن منشیر سنگھ شامل ہوئے۔ یہ ملک میں ایک منظم اور عالمی سطح پر معیاری کوچنگ تعلیمی نظام کی تعمیر کی طرف ایک اہم قدم ہے۔ اس تعاون سے ہندوستانی کوچوں کو ملک کے اندر عالمی معیار کی تربیت حاصل کرنے میں مدد ملے گی، جس سے بین الاقوامی سفر کی ضرورت کم ہوگی اور تمام شعبوں میں جدید تعلیم مزید قابل رسائی ہوگی۔ یہ جدید تکنیکوں اور عالمی بہترین طریقوں سے لیس اہل کوچوں کا ایک بڑا گروپ بنا کر ہندوستانی شوٹنگ کے نچلی سطح پر ماحولیاتی نظام کو مضبوط بنانے میں بھی تعاون کرے گا۔ این آر اے آئی کے اس اقدام کو اولمپک گولڈ کویسٹ (او جی کیو) سے بھی تعاون حاصل ہوگا، جو ایک پارٹنر کے طور پر شامل ہوگا۔ اس پیشرفت پر تبصرہ کرتے ہوئے، کلکیش نارائن سنگھ دیو، صدر، این آر اے آئی نے کہا، "آئی ایس ایس ایف اکیڈمی کے ساتھ یہ شراکت ہندوستانی شوٹنگ میں کوچنگ کی تعلیم کے نقطہ نظر میں ایک تاریخی تبدیلی کی نمائندگی کرتی ہے۔ پہلی بار، ہندوستانی کوچز کو یہیں پر عالمی سطح پر تصدیق شدہ ٹریننگ حاصل ہوگی، جس سے جغرافیائی اور لاگت سے متعلق رکاوٹیں ختم ہوں گی۔ اپنے کوچنگ ڈھانچے میں بین الاقوامی معیارات کو شامل کر کے، ہم نہ صرف اعلیٰ سطحوں پر رہنمائی کے معیار کو بڑھا رہے ہیں، بلکہ زمینی سطح پر ٹیلنٹ کی طویل مدتی نشوونما میں بھی سرمایہ کاری کر رہے ہیں۔ اس معاہدے کے ذریعے، ہندوستان میں آئی ایس ایس ایف کے سرٹیفائیڈ کوچ کورسز کے چار زمرے منعقد کیے جائیں گے، یعنی زمرہ اے (ایلیٹ/ بین الاقوامی سطح)، زمرہ بی (ایڈوانسڈ لیول)، زمرہ سی (ادرمیانی سطح) اور کیٹیگری ڈی (ابتدائی سطح)، جو آئی ایس ایس ایف اکیڈمک کی طرف سے بیان کردہ تعلیمی فریم ورک اور سرٹیفکیشن کے عمل کی پیروی کریں گی۔

## پنجاب پولیس کے 13 کھلاڑیوں نے 32 طلائی اور 16 چاندی سمیت 59 تمغے جیتے: فاروقی

جالندھر، 15 جولائی (یو این آئی) امریکہ کے الاباما میں 26 جون سے 7 جولائی تک منعقد ہونے والے ورلڈ پولیس گیمز میں پنجاب پولیس کے 13 کھلاڑیوں نے مختلف کھیلوں میں حصہ لیا اور شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ہندوستانی پولیس ٹیم کے لیے 32 طلائی، 16 چاندی اور 11 برونز سمیت کل 59 تمغے جیت کر پنجاب پولیس کا نام روشن کیا۔ اس کامیابی کے لیے آج پی اے پی ہیڈکوارٹر پہنچنے پر اسٹیٹ آرمڈ پولیس جالندھر کے اے ڈی جی پی اور پنجاب پولیس کے چیف اسپورٹس آفیسر ایم ایف فاروقی نے کھلاڑیوں کا پرتپاک استقبال کیا۔ انہوں نے فاتح کھلاڑیوں کو ان کی شاندار کامیابی پر مبارکباد دی اور کہا کہ انہوں نے پوری دنیا میں پنجاب پولیس کا نام روشن کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب پولیس کو ایسے کھلاڑیوں پر فخر ہے۔

## بی سی بی کے سربراہ کو اے سی سی میٹنگ میں تمام اراکین کی شرکت کی توقع

ڈھاکہ، 15 جولائی (یو این آئی) بنگلہ دیش کرکٹ بورڈ کے صدر امین الاسلام نے پیر کو کہا کہ وہ 24 جولائی کو ڈھاکہ میں ہونے والی سالانہ جنرل میٹنگ میں ایشیائی کرکٹ کونسل (اے سی سی) کے تمام اراکین کی موجودگی کی توقع کرتے ہیں۔ بنگلہ دیش میں موجودہ سیاسی ماحول کی وجہ سے اے سی سی کی اے جی ایم میں ہندوستان کی شرکت غیر یقینی ہے اور ایسی اطلاعات تھیں کہ اے جی ایم ڈھاکہ سے دبئی منتقل کی جا سکتی ہے۔ امین الاسلام نے تمام قیاس آرائیوں کو مسترد کر دیا اور زور دے کر کہا کہ اے سی سی اے جی ایم کی میزبانی کے حوالے سے سب کچھ پلان کے مطابق ہو رہا ہے۔ امین الاسلام نے پیر کو نامہ نگاروں کو بتایا، "ایشین کرکٹ کونسل ایشیا میں کرکٹ کی مدر باڈی یا گورننگ باڈی ہے اور ہم نے اس سے پہلے کبھی بھی ایشین کرکٹ کونسل کے کسی بڑے اجلاس کی میزبانی نہیں کی۔" انہوں نے کہا، "ہم 23 تاریخ کو ایک آفیشل ڈنر اور 24 جولائی کو اے سی سی کی سالانہ جنرل میٹنگ (اے جی ایم) ڈھاکہ میں منعقد کریں گے، جس میں تقریباً تمام ممالک شرکت کریں گے۔" انہوں نے مزید کہا، "یہ ہمارے لیے ایک بڑی کامیابی ہے اور اب تک سب کچھ منصوبہ بندی کے مطابق ہو رہا ہے (اے سی سی اجلاس کی میزبانی کے حوالے سے) اور آپ کو وقت آنے پر مزید معلومات مل جائیں گی۔" خیال کیا جاتا ہے کہ اگر ہندوستان کا کوئی نمائندہ ڈھاکہ میں اے سی سی کی سالانہ جنرل میٹنگ میں شرکت نہیں کرتا ہے تو وہ آن لائن دستیاب ہو سکتا ہے۔

دریں اثنا، امین الاسلام نے زور دے کر کہا کہ شکیب الحسن، جو کئی قانونی مقدمات میں الجھے ہوئے ہیں، کے لئے بنگلہ دیش کے لیے کھیلنے کا دروازہ اب بھی کھلا ہے۔ امین الاسلام نے کہا، "شکیب ایک کرکٹر کے طور پر دستیاب ہیں۔ وہ ابھی تک بنگلہ دیش کے لیے تمام فارمیٹس سے ریٹائر نہیں ہوئے ہیں۔ میں ان سے بات کروں گا اور ان سے بات کرنے کے بعد ہم کوئی فیصلہ کریں گے۔ میں کافی عرصے سے شکیب سے رابطے میں نہیں ہوں۔ جب سے میں نے یہ ذمہ داری سنبھالی ہے (بی سی بی کے صدر کی حیثیت سے) بالکل بھی نہیں۔ انہوں نے کہا کہ میں پہلے بھی کئی بار کہہ چکا ہوں کہ یہ (شکیب کی قومی ٹیم میں واپسی) مکمل طور پر بنگلہ دیش ٹیم کے سلیکٹرز پر منحصر ہے، میں کافی عرصے سے شکیب سے رابطے میں نہیں ہوں، یہ ذمہ داری (بی سی بی صدر کی حیثیت سے) سنبھالنے کے بعد سے تو بالکل نہیں۔ شکیب کے ساتھ ہماری کوئی باضابطہ بات چیت نہیں ہوئی ہے۔ میں دہراتا ہوں، یہ سلیکٹرز کا کام ہے اور انہیں ہی فیصلہ کرنا ہے۔ میری ذمہ داری کرکٹ بورڈ چلانا ہے، ٹیم کا انتخاب کرنا نہیں۔

## ہندوستان کے خلاف آخری دو ٹیسٹ میچوں میں کھیل سکتا ہوں: آرچر

لندن، 15 جولائی (یو این آئی) جوفرا آرچر نے کہا کہ وہ لارڈس میں جیت کے ساتھ شاندار واپسی کرنے کے بعد، ہندوستان کے خلاف انگلینڈ کی سیریز کے آخری دو ٹیسٹ میچوں میں کھیل سکتے ہیں۔ تیز گیند باز انجری کی وجہ سے چار سال سے زیادہ عرصے تک ٹیسٹ کرکٹ سے دور رہے، لیکن انہوں نے 22 رنز کی سنسنی خیز جیت میں کلیدی کردار ادا کیا جس نے انگلینڈ کو سیریز میں 2-1 کی برتری دلائی۔ 30 سالہ آرچر نے اپنی واپسی کی تیسری گیند پر ایک وکٹ لیا، پھر ہندوستان کی دوسری اننگ میں تین وکٹیں حاصل کیں جب انگلینڈ نے 192 کے ہدف کا دفاع کیا۔ انہوں نے 39.2 اوور مکمل کیے اور پوری اننگ میں تیز رفتاری سے گیند بازی کی۔ ان کی اوسط کبھی بھی 87 میل فی گھنٹہ سے کم نہیں رہی اور سسیکس کے اس کھلاڑی نے 41 گیندیں 90 میل فی گھنٹہ سے زیادہ کی رفتار سے ڈالی۔ ٹیسٹ کرکٹ میں واپسی کے دوران آرچر کا بہت خیال رکھا گیا تھا اور انہوں نے تقریباً صرف وائٹ بال میچ ہی کھیلے تھے۔

SOILTECH CONSULTANTS (I) PVT. LTD.
NABL
ISO 9001:2015 CERTIFIED

National Accreditation Board for Testing and Calibration Laboratories
NABL


CERTIFICATE OF ACCREDITATION
SOILTECH CONSULTANTS INDIA PRIVATE LIMITED
has been assessed and accredited in accordance with the standard
ISO/IEC 17025:2017
"General Requirements for the Competence of Testing & Calibration Laboratories"
for its facilities at
KAUSAR VILLA, KHAN MIRZA LANE, P.S. SULTANGANJ, P. O. MAHENDRU, PATNA, BIHAR, INDIA
in the field of
TESTING

Certificate Number: TC-9200
Issue Date: 06/01/2021 Valid Until: 05/01/2023


This certificate remains valid for the Scope of Accreditation as specified in the annexure subject to continued satisfactory compliance to the above standard & the relevant requirements of NABL.
(To see the scope of accreditation of this laboratory, you may also visit NABL website www.nabl-india.org)

Name of Legal Identity : SOILTECH CONSULTANTS INDIA PRIVATE LIMITED
Signed for and on behalf of NABL

N. Venkateswaran
Chief Executive Officer


SPT


TOPOGRAPHICAL SURVEY


SLUMP CONE TEST


PILE LOAD TEST


CTM MACHINE

**Consult for** Building Material Test, Geotechnical Investigation, Topographical Survey, Plate & Pile Load Test, Other Civil Engineering Test and DPR etc.

**Our Reputed Clients are :**
- Building Construction Department (Bihar)
- Bihar State Building Construction Corporation Ltd.
- Eastern Railway
- Godrej & Boyce Mfg. Co. Ltd.
- Saa Vishnu Baker's (P) Ltd.
- L&T Limited
- Suguna Foods Pvt. Ltd.
- Japfa Comfeed India Pvt. Ltd.
- SMS Limited
- Samarth Engineers
- Shiva Consultancy Services (P) Ltd.
- Dipanshu Promoter & Builder Pvt. Ltd.
- Kalsi Buildcon Pvt. Ltd.


Er. KASHIF AHMAD
(Managing Director)

Contact No. : +91 9931688703, 0612 - 2379795
e-mail : soiltech.patna@gmail.com

NOTE : THERE IS NO OTHER BRANCH IN PATNA.
Address : Kausar Villa, Khan Mirza Lane, Sultanganj, Patna-800006, Bihar.

Glenmark


Dr S B Ahmad

आपके अपने महत्वपूर्ण नंबर जानना हमेशा अच्छा होता है !

इस
World Hypertension Day,

चलिये नीचे दिए गए तरीकों से प्रभावी 'उच्च-रक्तचाप प्रबंधन' का अभ्यास करें:

रक्तचाप की सटीक निगरानी करना सीखकर
रक्तचाप को नियंत्रित करके
एक स्वस्थ जीवन शैली को अपनाकर

A Glenmark initiative
To start A Powerful Revolution

DOCTOR
Dr. Bikas Sourabh
MBBS ( Hons & Gold Medalist ) M.D. (Medicine)
DMRD (Patna) MRCP (England) MRCP (Ireland)
Visit By Prior Appointment on Given Phone Numbers
Phone No. 8507837914 / 7481971222

मरीज देखने का समय :
मवार से शनिवार : सवेरे 8 से 9 बजे तक एवं शाम 6 से 8 बजे तक
अप्वायंटमेंट लेने का समय एवं फोन :
सोमवार से शनिवार : सवेरे 8 बजे से रात 8 बजे तक
फोन : 8507837914, 7481971222
0A/67 सचिवालय कॉलोनी
कंकड़बाग, पटना-800020
( डॉ० अल्का पांडे क्लिनिक/सरल डायग्नास्टिक के दक्षिण विद्यापुरी पार्क के सटे वाला मकान )
OA-67, Sachiwalya Colony
Kankerbagh, Patna 800 020

Sparkling Smile Dental Care
स्पारक्लिंग स्माईल डेन्टल केयर
दांत की बिमारी के सम्पूर्ण समाधान के लिए हमें सेवा का मौका दें ।
Complete Solutions for your all Dental Problems
Avail 10% Discount on All Treatments
40 Minutes RCT
Braces
Cosmetic Dentistry
Zirconia
Digital Dentistry etc.
Dr. Ali Ashraf
BDS MBA
Consultant Dentist
CLINIC TIME
9 AM TO 1 PM
5 PM TO 8 PM
F-49, P.C Colony, Kankarbagh, Patna-20
Contact- 7004525593, 7903612134

Owner Syed Naiyar Ali Warsi Publisher Syed Naiyar Ali Warsi Printer DB Corp- Ltd- Near Bansh Hospital Darbhanga Road Patiyasha Muzaffarpur Pin 843103
Published From Manzarul Hasan Mohallah Milkitola Sadpura PO Ramna H-No-987 Distt Muzaffarpur Bihar 842002-Editor Syed Naiyar Ali Warsi